سوال

(586) داڑھی کا مذاق اڑانا بہت بڑا جرم ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایسے شخص کے پیچھے نماز ادا کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے جو نہ صرف خود داڑھی منڈواتا ہے بلکہ داڑھی کا مذاق بھی اڑاتا ہو اور داڑھی رکھنے والوں کو منڈوا دینے کا حکم بھی دیتا ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

الحمد للہ وحدہ ولاصلوۃ والسلام علی رسولہ وآلہ وصحبہ۔۔۔ وبعد : جس شخص نے داڑھی رکھی ہو تو اس کا مذاق اڑانا جائز نہیں ہے کیونکہ اس نے تو اسے رسول اللہ ﷺ کے فرمان کی اطاعت بجالاتے ہوئے رکھا ہے لہذا جو شخص اس کا مذاق اڑائے اس کو نصیحت کی جائے ، سمجھایا جائے ، اور بتایا جائے کہ داڑھی رکھنے والے کا مذاق اڑانا ایک بہت بڑا جرم ہے کہ اس کی وجہ سے انسان کے دائرہ اسلام سے خارج اور مرتد ہونے کا اندیشہ ہے کیونکہ ارشاد باری تعالی ہے :

قُل أَبِاللَّهِ وَءايَٰتِهِۦ وَرَسولِهِ كُنتُم تَستَهزِءونَ ﴿٦٥﴾ لا تَعتَذِروا قَد كَفَرتُم بَعدَ إيمـٰنِكُم ... ﴿٦٦﴾ ... سورة التوبة

''کہو کیا تم اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ہنسی کرتے تھے ؟ بہانے مت بناؤ، تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو چکے ہو۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص443

محدث فتویٰ